وزیرِ اعظم جناب نریندر مودی کو سری لنکا کے صدر کی جانب سے (24 مارچ, 2026) کو ٹیلیفون کال موصول ہوئی

24 مارچ، 2026

وزیراعظم جناب نریندر مودی کو آج سری لنکا کے صدر عزت مآب جناب انورا کمارا دیسانائیکے کی فون کال موصول ہوئی.

2. دونوں رہنماؤں نے مغربی ایشیا کی بدلتی ہوئی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، جس میں عالمی توانائی کی سلامتی پر اثر انداز ہونے والی رکاوٹوں پر خصوصی زور دیا گیا.

3. دونوں رہنماؤں نے عالمی مفاد میں سمندری راستوں کو کھلا اور محفوظ رکھنے کی اہمیت کو دہرایا.

4. دونوں رہنماؤں نے ہند-سری لنکا توانائی تعاون کو مضبوط بنانے اور علاقائی سلامتی کو فروغ دینے کے لیے مختلف اقدامات کی پیش رفت کا جائزہ لیا.

5. وزیراعظم نے بھارت کی’’ پڑوسی پہلے‘‘ مہاساگر‘‘وژن کے مطابق مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا.

6. دونوں رہنما رابطے میں بنے رہنے پر متفق ہوئے.

نئی دہلی

24 مارچ، 2026